RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

| جلد ٦ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ٥ مارچ ١٨٩٤ء مطابق ٢٦ شعبان ١٣١١ھ | نمبر ١٠ |

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل	
١	ملازمان فوج و پولیس باشندگان بیرون ریاست کو بعد گیارہ مہینے کے ایک ماہ کی رخصت رعایتی مل سکتی ہے۔	١ و ٢
٢	رخصت مسٹر و مسٹر ہملٹن صاحب با انتظام وغیرہ۔	٢
	حکم روبکار صاحب پریزیڈنٹ بہادر	
٣	انتظام مولوی محمد طیب مدرس مدرسہ عالیہ۔	٢
٤	بجائی اسمیان جعفر شاہ و نیاز محمد خان و سعد شاہ جلد بندان کتب خانہ	٢
٥	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ۔	ضمیمہ
٦ و ٧	نقشہ حیات و ممات در حصہ اجلاس۔	

حکم اجلاس کامل واقع ٢٠ فروری ١٨٩٤ء

کونسل تجویز کرتی ہے کہ ملازمان فوج و پولیس جو حدود ریاست رامپور کے باہر کے باشندے ہیں اونکو استحقاقاً گیارہ مہینے کام کرنیکے بعد ایک ماہ کی رخصت رعایتی مل سکتی ہے یہ سرکلر درج گزٹ ہو اور احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روئداد ہذا باجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون اور نقل روئداد ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

۲۷ فروری ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل مورخہ ۲۰ فروری ۱۸۹۴ء

مسٹر ٹی جانسن صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو صحت نہین ہوئی لہذا اونکی رخصت مین توسیع کی اور توسیع کونسل منظور کرتی ہے بانتظام سابق مثل گذشتہ نصف تنخواہ پر احکام جاری ہون۔ روئداد ہذا باجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون بخشی فوج بھی مطلع ہون اور نقل روئداد ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

۲۷ فروری ۱۸۹۴ء

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر
سررشتہ تعلیم

۲۱ فروری ۱۸۹۴ء

چونکہ مولوی محمد طیب ادیب مدرسہ عالیہ منصرم زمرہ مقرر ہوے ہین لہذا بعد علیحدگی انکے حسب سفارش صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم انتظام ذیل منظور کیا جاتا ہے۔

۱۔ مولوی حافظ وزیر احمد باضافہ سات روپیہ مشاہرہ ستر روپیہ بجاے مولوی طیب مقرر کیے گئے۔

۲۔ مولوی جعفر علیخان امیدوار بمشاہرہ چودہ روپیہ بجاے حافظ وزیر احمد مقرر کیے گئے۔

۳۔ مولوی معین الدین امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ بجاے صاحب ادیب مقرر ہوے۔

۴۔ مولوی مجاہد الدین کا چار روپیہ اضافہ منظور ہو کر مشاہرہ منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع یکم مارچ ۱۸۹۴ء

آج درخواست بحالی مسمیان جعفر شاہ و نیاز محمد خان و صفدر شاہ جلد بندان کتبخانہ ملاحظہ سے گذری چونکہ کار جلد بندی جیسکہ پر عمدہ طور سے انجام کو نہین پہونچتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نامبردگان یکم مارچ ۱۸۹۴ء سے بدستور بحال کیے جاوین سررشتہ دار صدر کارروائی ضابطہ عمل مین لاکر درج گزٹ کرادین اور ایک ایک نقل اسکی پاس منصرم کتبخانہ اور بخشی شرح کے بھیجی جاوے۔

(۱۸۹۴ء)

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۴ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہوچکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاے اور اصل بنا بر تعمیل واپس۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۸۹۴ء

سید غلام شبیر قائم مقام منصرم ٹانڈہ صدر نشین

منشی علی حسین اہلمد تحصیل سکرٹری کمیٹی

اسماے شرکاے جلسہ

ملازمین

حکیم شرافت علی صاحب ممبر۔ پنڈت گنگا رام صاحب ممبر۔ تقی یاور محرر صفائی۔

غیر ملازمین

لالہ سپاہی لال صاحب۔ ممبر

حاجی نادر شاہ صاحب۔ ممبر

امور تصفیہ طلب

(۱) سکرٹری کمیٹی میونسپل بورڈ نے نقل معاینہ گرداور صاحب حفظان صحت بنا بر تعمیل جو شمل خرابی صفائی و جاروب کشی دریچہ ہاے ہے کمیٹی میں پیش کی گئی۔

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی و سکرٹری میونسپل بورڈ خاکروبان کی تاکید کریں اگر ہفتہ آیندہ میں حالت صفائی اچھی نہوگی تو خاکروبان مستوجب باز پرس کے ہونگے اور نیز سکرٹری کمیٹی مالکان مکانات دریچہ کو جنکی نسبت بوجہ بہنے آب غلیظ خراب ہی طلب کر کے نسبت صفائی بخوبی ہدایت کریں اگر اسپر بھی باز نہ آویں تو ہر ایک کو روبرو صاحب صدر نشین کمیٹی پیش کریں نقل معاینہ گرداور حفظان صحت بنا بر تعمیل حوالہ محرر صفائی ہو صاحب صدر نشین نے بھی منظور کر کے کہا کہ ممبران حلقہ بھی اپنے اپنے حلقہ کی نگرانی رکھیں۔

ملاحظہ شد۔ ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۴ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۲) سکرٹری کمیٹی نے عرضی محرر صفائی بدرخواست تقرر یک کس میٹ بنا بر نگرانی و درستی صفائی بوجہ خراب ہونے حالت صفائی قصبہ ٹانڈہ مثل تحصیل بلاسپور و سوار پیش کی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یک کس میٹ کا تقرر ہونا ایک بہت ضروری امر ہے کیونکہ جبتک میٹ مثل تحصیل بلاسپور و سوار مقرر نہوگا۔ حالت نگرانی و صفائی اچھی نہوگی۔ اور میٹ قوم خاکروب میں سے نہیں ہونا چاہیے بلکہ مثل دیگر تحصیلات مسلمان ہونا چاہیے چونکہ قصبہ ہذا بہت بڑا ہے

لہذا چار روپیہ ماہوار تنخواہ میٹ مناسب معلوم ہوتی ہے۔ بعد تقرر ہونے میٹ کے امید ہے حالت صفائی و نگرانی اچھی ہوگی صاحب صدر نشین نے بھی منظور کر کے کہا کہ بذریعہ رپورٹ علیحدہ نسبت منظوری یک کس میٹ بحضور صاحب جوڈیشل ممبر بہادر گذارش کیا جاوے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۳ء

---

(۳) سکرٹری کمیٹی نے عرضی محرر صفائی بدین خلاصہ کہ پیر بخش حلوائی کا چھجہ لب سڑک واقع ہے اور اسپر کوئی تختہ وغیرہ نہیں ہے اندھیری میں احتمال گرنے مردمان کا ہے۔ بنا بر حکم مناسب پیش کی۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ پیر بخش حلوائی کو محرر صفائی طلب کر کے واسطے تیاری تختہ روبرو صاحب صدر نشین کے پیش کریں۔ صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۳ء

---

(۴) نوٹ حاجی نادر شاہ ممبر۔ احمد نور عرف ڈہریا ولد چوہڑی نجار متصل مسجد درخت برگد کے چھجہ مکان کی حالت بہت خراب ہے اور نصف خام ہے اور تختہ بھی نہیں ہے باوجود ہدایت مکرر کے تختہ نہیں ڈالتا لہذا وہ قابل تدارک ہے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی اس مرتبہ اور نامبردہ کو طلب کر کے روبرو صاحب صدر نشین واسطے درستی و ڈالنے تختہ پیش کریں اگر بعد ہدایت بھی تعمیل نکرے تو مستوجب جرمانہ ہوگا۔ صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۳ء

---

(۵) عرضی چند اقصاب سکنہ ٹانڈہ سکرٹری کمیٹی نے بدین خلاصہ کہ نامبردہ نے بعد دینے عرضی و بلا حصول اجازت تعمیر دیوار شروع کر دی اور گوشہ دیوار بجانب جنوب و غربی جانب سڑک آراضی سرکار تقریباً تین گرہ بڑھا لیا بدین وجہ حسب منشا حکم صاحب صدر نشین تعمیل ملتوی کی گئی۔ پیش کیا۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چونکہ چند اقصاب نے عمداً بلا حصول اجازت تعمیر شروع کر دی ہے لہذا نامبردہ پر مبلغ چار روپیہ جرمانہ ہو اور رپورٹ ہمراہ و تدارک بنا بر منظوری جرمانہ اجلاس جناب صاحب جوڈیشل ممبر بہادر میں بھیجی جاوے اور نامبردہ نے جو تقریباً تین گرہ آراضی لب سڑک جانب جنوب بڑھا لی ہے وہ قطع کرا دیا جاوے اور ہدایت ہو کہ تعمیر حال میں کی گئی ہے مگر چونکہ بروئے مسودہ نقشہ منظور ہوا تھا صاحب صدر نشین نے بھی منظور کر کے کہا کہ بعد معاینہ موقع کے امر بحث طلب معلوم ہوا تھا کہ چند اقصاب نے اندر اپنی کے سیڑھی و دروازہ پیش آمدہ آراضی افتادہ ڈال کر رکھا ہے تا وقتیکہ وہ آراضی جو اوس کے سامنے افتادہ مال سرکار پڑی ہے بذریعہ معمولی نیلام اوس وقت تک دروازہ ہاں نہیں نکال سکتا ہے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۴ فروری سنہ ۱۸۹۳ء

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۱ — مطبوعہ ۵ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء جلد ۶

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ فروری لغایت ۴ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		میزان	تفصیل بلحاظ مذہب		تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۱ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۱۳	۰	۹	۱	۲۳	۲۲	۱	۵	۴	۰	۱	۸	۲	۱۳	۷	۱۱	۹	۰	۰	۵	۱۵	۲۰	۰
شاہ آباد	۴	۹	۰	۱	۱۴	۴	۱۰	۵	۰	۴	۱	۰	۱	۹	۲	۳	۸	۰	۰	۱۱	۰	۱۱	۰
ملک	۱۰	۸۲	۱۲	۷۳	۱۷۷	۲۲	۱۵۵	۱۲	۱۰	۳	۵	۴۸	۱۸	۶۳	۳۳	۱۷	۷۹	۰	۰	۷۷	۱۹	۹۶	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۳	۴	۱	۲	۱۰	۴	۶	۰	۲	۰	۱	۳	۲	۳	۵	۵	۳	۰	۰	۰	۸	۸	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۳۰	۹۵	۲۲	۷۷	۲۲۴	۵۲	۱۷۲	۲۲	۱۶	۷	۸	۵۹	۲۳	۸۸	۴۷	۳۶	۹۹	۰	۰	۹۳	۴۲	۱۳۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ فروری لغایت ۴ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۴۱۰ار	۰	۰	۰	۱۴ار	تحصیلات حضور تحصیل و ملک و سوار سے نقشے نہیں آئے۔
نخود خالص	۰	۲۱ار	۰	۰	۰	۲۲ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۱۰۲۲ار	۰	۰	۰	۲۴ار	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۸ار	۰	۰	۰	۱۷ار	
مونگ	۰	۱۸ار	۰	۰	۰	۱۷ار	
مکا	۰	۱۰۲۷ار	۰	۰	۰	۲۸ار	
جنجی	۰	۰	۰	۰	۰	۲۵ار	
گوجی	۰	۰	۰	۰	۰	۲۲ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۲ار	۰	۰	۰	۱۱ار	
روغن زرد	۰	۳ار	۰	۰	۰	۱۱ار	
روغن سیاہ	۰	۳ار	۰	۰	۰	۰	
روغن کنجد	۰	۳ار	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۰۰ار	۰	۰	۰	۰	
نارنج بوری	۰	۶ار	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۲ار	۰	۰	۰	۷ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور